خبروں کا اعلامیہ

جاب مارکیٹ میں خالی جگہوں کے فرق کو حل کرنے کے لیے عالمی ہنر کو راغب کرنا

18جنوری، 2023 میڈیا انکوائریز

البرٹا کی حکومت معیشت کو بڑھانے اور اہم شعبوں میں کارکنوں کی کمی کو دور کرنے کے لیے مزید نئے آنے والوں کو راغب کرنے کے لیے کام کر رہی ہے۔

البرٹا کی معیشت مضبوطی سے بحال ہوئی ہے اور مزیدمعاشی ترقی کی راہ میں سب سے بڑا مسئلہکارکنوں کی کمی ہے۔ البرٹا کی حکومت البرٹا ایڈو انٹیج امیگریشن پروگرام (Alberta Advantage Immigration Program (AAIP) میں تبدیلیاں کر رہی ہے جن سے بین الاقوامی طور پر، زیادہ مانگ والے کارکنوں کے لیے البرٹا میں موجود اپنےقریبی رشتہ داروں کے ذریعے ان آسامیوں کو پُر کرنے کے مواقع بڑھیں گے۔

اے اے آئی پی (AAIP) ایک اقتصادی امیگریشن پروگرام ہے جو البرٹا کو مستقل رہائش (پرمننٹ ریزیڈینسی) کے لیے اہل کارکنوں کو نامزد کرنے کے قابل بناتا ہے۔ اگر نئے آنے والوں کے پاس صوبے میں ملازمت قبول کرتے وقت پہلے سے ہی ایک قائم شدہ سپورٹ سسٹم موجود ہے، تو ان کے لیے ایک نئی ثقافت اور کمیونٹی میں آسانی سے منتقلی کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔ البرٹا کی زندگی میں انضمام کو آسان بنانے کے علاوہ، یہ ان کارکنوں کو طویل مدت تک برقرار رکھنے میں بھی مدد کرتا ہے۔

صنعت کے ماہرین نے پیشن گوئی کی ہے کہ صنعت کی ترقی اور کارکنوں کی کے ریٹائرڈ ہونے کیوجہ سے البرٹا کو 2025 تک مخصوص ہنر کے حامل کارکنوں کی کمی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ فی الحال، البرٹا میں تمام شعبوں میں، صوبے میں 100,000 ملازمتوں کے مواقع موجود ہیں۔ طلب کے(In-demand) شعبوں میں صحت کی دیکھ بھال (ہیلتھ کیئر)، تعمیرات(کنسٹرکشن) ، تعلیم، ٹیکنالوجی اور انجینئرنگ شامل ہیں۔

فوری حقائق :

- دسمبر 2022 میں، البرٹا نے کل تقریباً 94,000 کل وقتی(ول ٹائم) ملازمتوں کے لیے 41,000 نئی کل وقتی(فل ٹائم) ملازمتیں حاصل کیں۔ 2021 کے آغاز سے البرٹا میں 221,000 کل وقتی(فل ٹائم)   ملازمتیں شامل کی گئی ہیں۔
- البرٹا 2025 تک متعدد پیشوں، مہارت کی سطحوں اور شعبوں میں 33,100 کارکنوں کی مجموعی ملازمت کی کمی کی پیشن گوئی کر رہا ہے۔
- اے اے آئی پی (AAIP) ایک اقتصادی امیگریشن پروگرام ہے جو البرٹا کو اجازت دیتا ہےکہ افراد کو نامزد کرے۔
    - نامزد افراد کے پاس البرٹا میں ملازمت کی کمی کو پورا کرنے کے لیے مہارت ہونی چاہیے اور اپنے اہل خانہ کو فراہم کرنے کے قابل ہونا چاہیئے۔

Classification: Public

- امیگریشن، ریفیوجیز اینڈ سٹیزن شپ کینیڈا (Immigration, Refugees and Citizenship Canada (IRCC) اے اے آئی پی (AAIP) کی سالانہ نامزدگی کی حدودمتعین کرتا ہے:
  - 2022 میں، اے اے آئی پی (AAIP) نے 6,500 میں سے تمام نامزدگی سرٹیفکیٹس جاری کیے جو آئی آر سی سی (IRCC) کی طرف سے سات امیگریشن اسٹریمز میں ہنر مند اور نیم ہنر مند تارکین وطن کے لیے مختص کیے گئے تھے۔
- البرٹا ایکسپریس انٹری سٹریم (Alberta Express Entry Stream) کے تحت 3,120 سرٹیفکیٹس مختص کیے گئے تھے۔

متعلقہ معلومات

- البرٹا کا پیشہ ورانہ آؤٹ لک (2021 سے2030تک)(Alberta's Occupational Outlook (2021-2030))
- البرٹا ایڈوانٹیج امیگریشن پروگرام – اپڈیٹس (Alberta Advantage Immigration Program - Updates)
- البرٹا ایکسپریس انٹری اسٹریم (Alberta Express Entry Stream)

میڈیا سے پوچھ گچھ

گیریٹ کوہلر Garrett Koehler

780-554-5777

پریس سکریٹری، ٹریڈ، امیگریشن اینڈ اور ملٹی کلچرلزم
(Press Secretary, Trade, Immigration and Multiculturalism)